صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 21 جون 2010ء بمطابق 08 رجب المرجب 1431ہجری سہ پہر تین بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

كُلُّ نَفۡسٍ ذَآئِقَةُ ٱلۡمَوۡتِۗ وَإِنَّمَا تُوَفَّوۡنَ أُجُورَكُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۖ فَمَن زُحۡزِحَ عَنِ ٱلنَّارِ وَأُدۡخِلَ ٱلۡجَنَّةَ فَقَدۡ فَازَۗ وَمَا ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَآ إِلَّا مَتَٰعُ ٱلۡغُرُورِ 0 لَتُبۡلَوُنَّ فِيٓ أَمۡوَٰلِكُمۡ وَأَنفُسِكُمۡ وَلَتَسۡمَعُنَّ مِنَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ مِن قَبۡلِكُمۡ وَمِنَ ٱلَّذِينَ أَشۡرَكُوٓاْ أَذٗى كَثِيرٗاۚ وَإِن تَصۡبِرُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ ذَٰلِكَ مِنۡ عَزۡمِ ٱلۡأُمُورِ۔

(ترجمہ): ہر متنفس کو موت کا مزا چکھنا ہے اور تم کو قیامت کے دن تمہارے اعمال کا پورا پورا بدلا دیا جائے گا۔ تو جو شخص آتش جہنم سے دور رکھا گیا اور بہشت میں داخل کیا گیا وہ مراد کو پہنچ گیا اور دنیا کی زندگی تو دھوکے کا سامان ہے۔ (اے اہل ایمان) تمہارے مال و جان میں تمہاری آزمائش کی جائے گی۔ اور تم اہل کتاب سے اور ان لوگوں سے جو مشرک ہیں بہت سی ایذا کی باتیں سنو گے۔ اور تو اگر صبر اور پرہیزگاری کرتے رہو گے تو یہ بڑی ہمت کے کام ہیں و آخِرُ الدَّعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جذاکم اللہ۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: جناب سپیکر! کورم پوره نه دے نو که تاسو لږ اوګورئ-----

جناب سپیکر: (قہقہہ) نن د نګهت بی بی کار تاسو اوکړو۔

Count down please.

ایک آواز: سر! Eighteen کسان دی جی۔

جناب سپیکر: دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: اجلاس کو پندرہ منٹ کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔

(اس مرحلہ پر اجلاس پندرہ منٹ کیلئے ملتوی ہو گیا)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں اسماء گرامی ہیں: جناب محمود عالم صاحب، 18-06-2010تا 25-06-2010; جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب 21-06-2010تا 25-06-2010; جناب ملک قاسم خان خٹک صاحب 21-06-2010 یعنی آج کیلئے; جناب حاجی قلندر خان لودھی 21-06-2010 یعنی آج کیلئے; جناب محمد علی خان صاحب 21-06-2010تا 30-06-2010; جناب سردار شمعون یار خان 21-06-2010 یعنی آج کیلئے; جناب عنایت اللہ خان جدون صاحب 21-06-2010 یعنی آج کیلئے۔

Is it the desire of the House that leave may granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب! د اسرار الله ګنډاپور صاحب خور وفات شوے ده د هغوی د پاره به یو دعا اوکړو۔

جناب سپیکر: جی مفتی سید جانان صاحب! دوئ چه هغه اوښودلو د هغوی د پاره لږه دعا اوکړئ جی، د اسرار الله خان ګنډاپور د خور د پاره۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

Mr. Speaker: Mr. Rahim Dad Khan, Senior Minister Planing & Development, please.

جناب رحیم داد خان سینئیر وزیر (منصوبہ بندی): بسم الله الرحمٰن الرحیم۔ سپیکر صاحب! ستاسو ډیره مهربانی۔ زما خو دا خیال وو چه زه به خبرے اونه کړم په دے چه پوره د بنچ سائډ نه به سینیئر منسټر بلور صاحب، میاں صاحب، لیاقت شباب صاحب او بیا به فنانس منسټر هم خبرے کوی خو هغه وخت سره یوه خبره شوے وه، مرد کوهستان یوه خبره کړے وه د ګلګت بلتستان د چیف منسټر متعلق د 'نومولود' ذکر ئے کړے وو نو هغه یو 'الیکټډ' سړے دے، چیف منسټر دے، نوے صوبه جوړه شوے ده او بیا نوے چیف منسټر دے۔ دے کارروائی نه د دا الفاظ حذف شی۔ بل هغوی د بهاشا ډیم متعلق یوه خبره کړے وه-----

جناب سپیکر: جی دا 'نومولود' ، دوئ چه څه Mention کړل، دا د کارروایئ نه حذف کړے شی جی۔

سینئیر وزیر (منصوبہ بندی): هغوی د بهاشا ډیم متعلق خبره کړے وه چه ګلګت بلتستان والا شور شروع کړے دے په بهاشا ډیم باندے Claim کوی او زمونږ د صوبے د طرف نه هیڅ څه داسے کارروائی او داسے شے نشته۔ هم دا زه په ریکارډ باندے راوستل غواړم چه کله د ECNEC میټینګونه وو نو مونږه د بهاشا ډیم متعلق خبره کړے وه چه دا زمونږه د صوبے حق دے او په دے دغه کیږی، نو په دے رنړا کښے هغوی سپریم کورټ ګلګت بلتستان ته تلے دی او هغوی دا چیلنج کړے دے، نو په هغے رنړا کښے زمونږه حکومت هم ځی روان دے۔ زمونږ خپل لوے سپریم کورټ چه کوم دے د ټول پاکستان، نو په هغے کښے مونږه دا خپله مسئله اوړو او مونږه هلته کښے دا چیلنج کوؤ، نو دا ما په ریکارډ باندے راوستل غوښتل۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! ایک منٹ اگر آپ اجازت دیں تو میں ایک دو باتیں کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: ابھی نہیں جی، ابھی نہیں۔ یہ سارے ایک ایک ضروری بات کریں گے۔ آنریبل منسٹر فنانس، پلیز، اور جو بھی معزز اراکین کی طرف سے تجاویز آئی ہیں، جو بھی Criticism کی گئی ہے، مجھے امید ہے انشاء اللہ کہ سارے ممبران صاحبان کی جو Positive تجاویز آئی ہیں تو ان کا آپ نے Notes لئے ہوں گے۔ Kindly honourable Minister for Finance, Hamayun Khan Sahib, please.

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے دعوت دی۔ سب سے پہلے میں اس معزز ایوان کے تمام ممبران بھائیوں، بڑوں، بہنوں اور سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے بجٹ تقریر کو غور سے سنا۔ ویسے تو جناب سپیکر صاحب، میری خواہش تھی کہ میں سب دوستوں کا نام لے لوں، چونکہ لسٹ اتنی بڑی ہے کہ اس میں نام لیتے لیتے میرے خیال میں آدھا گھنٹہ تو گزر جائے گا، تو میں اسی لئے سب سے معذرت چاہتا ہوں، اگر کسی کا نام میں نے نہیں لیا تو اس کیلئے میں معذرت خواہ ہوں جی۔ جناب سپیکر صاحب، اس دفعہ صوبہ خیبر پختونخوا کے بجٹ اجلاس میں بڑی مثبت تبدیلیاں آئی ہیں۔ ہمارے اپوزیشن ممبران صاحبان، بھائیوں نے جہاں پہ حکومت کی اچھی کارکردگی کو اور جو کچھ اچھی Incentives دیں تو ان کو Appreciate کیا گیا اور جہاں پہ مناسب تنقید کی ضرورت تھی تو اس کو نہ صرف اپوزیشن ارکان نے بلکہ ہمارے ٹریژری ممبرز نے بھی پوائنٹ آؤٹ کیا تو یہ بڑی مثبت تبدیلی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو یہ بات ہے کہ بعض دوستوں نے گلہ بھی کیا کہ ہمارے ساتھ کوئی Consultation نہیں ہوا۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ ہم نے، صوبائی حکومت نے ایک کوشش کی تھی کہ ہم سب دوستوں سے Consultation کر لیں، ایک Consultative seminar ہم نے منعقد کیا تھا جس میں ہم تمام دوستوں کو، تمام ممبران کو تو Invite نہیں کر سکے تھے لیکن بعض جو ہمارے ممبران صاحبان ہیں، تو اس کو ہم نے Invite بھی کیا تھا جس میں آپ بذات خود بھی تشریف لائے تھے۔ ہمارے ہزارہ ڈویژن کے تقریباً تمام ممبران صاحبان، ہمارے دوست اس میں موجود تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم نے اکرم درانی صاحب کو بھی کارڈ کے ذریعے Invitation دی تھی اور ہمارے سپیشل سیکرٹری ارباب

عارف کے ذریعے ان کے پرائیویٹ سیکرٹری سے بھی رابطہ ہوا تھا، سکندر شیر پاؤ صاحب سے بھی رابطہ ہوا تھا۔ایسی طرح ہماری بہن شازیہ اورنگزیب صاحبہ سے بھی ہمارے سپیشل سیکرٹری نے رابطہ کیا تھا کہ آئیں اور جتنے بھی Stake holders ہیں، تو ہم نے سب کو Invite کیا تھا کہ آئیں تا کہ Consultation ہماری 'کمپلیٹ' ہو لیکن بد قسمتی سے ہمارے بھائی شاید Committed تھے اس وجہ سے نہیں آ سکے لیکن ہم نے ایک کوشش کی تھی کہ زیادہ تر ممبران صاحبان، زیادہ سے زیادہ سب دوستوں اور بہنوں کو ہم نے اعتماد میں لینے کی کوشش کی تھی۔ جناب سپیکر، جس طرح میں نے پہلے عرض کیا کہ ہم نے کوشش کی تھی لیکن اب بجٹ کے دوران جو چند سوالات اٹھائے گئے ہیں تو عموماً میں نے یہی دیکھا ہے کہ اس دفعہ بجٹ پہ 'ڈیبیٹ' کم ہوئی اور بجٹ کے علاوہ دیگر 'ایشوز' پہ کافی 'ڈیبیٹ' ہوئی۔ میں یہی سمجھتا ہوں کہ میرے خیال میں بجٹ میں کچھ ایسی چیزیں یعنی بہت کم خامیاں تھیں جن پہ میرے دوستوں نے تنقید نہیں کی اور بجٹ کو سراہا۔ جس طرح ہماری 'باچا خان خپل روزگار سکیم' کو اپوزیشن ممبران نے بھی سراہا اور حکومتی ممبران نے بھی سراہا ہے۔ اگر کوآپریٹیو بینک کی بحالی ہے، بینظیر بھٹو شہید ہیپاٹائٹس سی کا پروگرام ہے تو اس کو بھی سراہا گیا۔ جتنی بھی Incentives پراونشل گورنمنٹ نے اس موجودہ بجٹ میں دی تھیں، ان کو تمام دوستوں نے سراہا جو ہمارے لئے خوش آئند ہے اور جہاں پہ مناسب تنقید کی گئی تو اس کو ہم دل سے تسلیم بھی کرتے ہیں اور ہم کوشش کریں گے کہ آئندہ کیلئے اسے بہتر سے بہتر ہم 'ڈیلیور' کر سکیں۔ جناب سپیکر، بجٹ پہ زیادہ تر یہ بھی ہوا کہ بجٹ متوازن نہیں ہے اور بجٹ ٹیکس فری نہیں ہے، تو میں تو یہاں تک کہہ سکتا ہوں کہ جناب سپیکر، 'فگرز' جو ہیں ہم اپنی طرف سے وہ نہیں کرتے بلکہ ہمارے صوبے کا زیادہ تر بجٹ فیڈرل گورنمنٹ سے آتا ہے اور ہمارا اپنا پراونشل ریونیو Six percent ہے اور اس میں فیڈرل گورنمنٹ ہمیں Intimate کرتی ہے اور جو 'فگرز' ہمیں فیڈرل گورنمنٹ Intimate کرتی ہے اور اس میں اگر ہم کمی کر دیتے تو شاید ہمارے دوست پھر یہی کہتے کہ یہ آپ نے کہیں چوری کی یا الفاظ کا ہیر پھیر تب ہو سکتا ہے، اس کے پاس ہمارا ریکارڈ ہے۔ باقی ہمارے Provincial owned receipts ہیں اس کے بارے میں ہم نے Clearly کہا تھا تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم نے کوشش کی ہے، ایک اچھا اور ایک متوازن بجٹ ہم نے پیش کیا ہے۔ دوسری بات ٹیکس فری کی آتی ہے۔ ہم نے کہا کہ ہم نے کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا، ٹیکس فری کی بات تو ہم نے نہیں کی تھی بلکہ صرف ہمارے جی ایس ٹی کا مسئلہ تھا، جہاں پہ فیڈرل گورنمنٹ نے 16 سے 17 پرسنٹ Increase کیا تھا، جس طرح GST

on goods فیڈرل گورنمنٹ کا سبجیکٹ ہے۔اب GST on provincial services اس این ایف سی ایوارڈ کے بعد منتقل ہو چکا ہے، چونکہ اس ایڈجسٹمنٹ کیلئے، یہ اس این ایف سی ایوارڈ کے بعد منتقل ہو چکا ہے، چونکہ اس ایڈجسٹمنٹ کیلئے One percent increase جی ایس ٹی میں آیا ہے۔ میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ یہ کوئی ٹیکس فری بجٹ ہے لیکن ہم نے کوشش کی ہے کہ زیادہ سے زیادہ اس پہ کر لیں۔جناب سپیکر، میرے زیادہ تر دوستوں نے میرے خیال میں اس کیلئے کافی کوشش کی تھی لیکن اس دفعہ ہم نے ایک Out put base budget کی یہ کاپی، یہ Red کاپی ہم نے Provide کی ہے۔بجٹ کے ساتھ، تو یہ ہماری حکومت کی Monitoring، ہمارے Indicators اور ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے ہم نے اس دفعہ یہ کیا ہے، جو ہیلتھ، ایجوکیشن اور سوشل سیکٹر کو وہ کرتا ہے اور ہماری کوشش یہ ہوگی کہ باقی ڈیپارٹمنٹس میں بھی Out put base budgeting کا سلسلہ شروع کر دیں۔جناب سپیکر، بعض ممبران صاحبان نے تنخواہوں پہ بات کی اور اس کو ایک مثبت اقدام کہا ہے کہ 50% Increase بھی کافی کی ہے لیکن بعض دوستوں نے کہا ہے کہ یہ 100% Increase ہونی چاہیئے۔تو ہمارے صوبے کے جو حالات ہیں اور جو وسائل ہیں، اس دن بجٹ سپیچ میں بھی میں نے یہی کہا تھا کہ جو 50% Increase ہے، اس سے ہم پر تقریباً بائیس ارب روپے کا ایڈیشنل بوجھ پڑے گا۔ہم تو کہتے ہیں اور ہماری خواہش ہے کہ ہمارا ریونیو اتنا بڑھے کہ ہم سب بھائیوں کیلئے وہ کر لیں۔پولیس کے بارے میں بات آئی تھی تو پولیس کی قربانیوں، پولیس کو جو حالات درپیش ہیں اس سے تو کسی کو بھی انکار نہیں اور ہمارے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں تو اضافہ نہیں کیا گیا تھا لیکن پولیس کی تنخواہوں میں حکومت پہلے ہی اضافہ کر چکی ہے جی، تو اس وجہ سے میرے خیال میں، جس طرح ہمارا ریونیو آئے اور جو جائز ہے، اگر اس میں کوئی کمی ہے تو ہم کوشش کریں گے کہ اس کو بھی کر دیں جی۔جناب سپیکر، یہ بھی حقیقت ہے کہ ان مشکل حالات میں جو ہمارے صوبے کے ہیں لیکن پھر بھی ہم نے بجٹ میں 40% Increase دیا حالانکہ اس میں ہم نے پی ایس ڈی پی کے فگرز، جس طرح میں نے بجٹ سپیچ میں کہا تھا، شامل نہیں کئے اور ان حالات میں 77% Increase میرے ہر بھائی کو Appreciate کرنا چاہیئے۔ پھر بھی ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اپنے ڈویلپمنٹل کام کو زیادہ کر سکیں جی۔جناب سپیکر، بعض دوستوں نے متاثرین ملاکنڈ کے فنڈ کے بارے میں سوال اٹھایا تھا کہ ہمارے پراونشل اے ڈی پی میں آپ لوگوں نے کچھ نہیں رکھا ہے، تو میں آپ کو بتاتا چلوں کہ فیڈرل گورنمنٹ کی Commitment یہی ہے جو

انہوں نے ہمارے ساتھ این ایف سی میں بھی کی تھی اور ہمارے ساتھ یہ Commitment ہے کہ جتنا بھی خرچہ Re-habilitation پہ آئے گا تو وہ فیڈرل گورنمنٹ برداشت کرے گا لیکن پھر بھی پراونشل گورنمنٹ نے، اے ڈی پی نمبر 852 آپ دیکھ لیں تو دو ارب روپے ہم نے بھی اس کیلئے مختص کئے ہیں کہ خدانخواستہ اگر کوئی ایسی کمی آئے تو ہمارے ان بھائیوں کو مشکلات نہ ہوں اور ہم ان کی وہ کر سکیں جی۔ اکرم خان درانی صاحب ہمارے بڑے ہیں جی، بزرگ ہیں جی، بڑے بھائی ہیں، انہوں نے این ایف سی کے بارے میں ذکر کیا تھا تو اس میں کوئی شک نہیں ہے یعنی این ایف سی ایوارڈ کیلئے جب ہم جارہے تھے تو وزیر اعلیٰ صاحب نے تمام پولیٹیکل پارٹیز کے مشران کو بلایا تھا اور سی ایم ہاؤس میں ایک جرگہ بھی ہوا تھا اور سب سے مشاورت کے بعد ہم گئے تھے کہ ہم Consensus سے وہ لے لیں، تو تمام دوستوں نے یہی کہا تھا کہ کوشش کر لیں کہ سب سے پہلے نیٹ ہائیڈل پرافٹ ہمارے ہاتھ آجائے۔ اللہ کے فضل سے وہ نیٹ ہائیڈل پرافٹ، جس طرح میں نے پہلے ذکر کیا کہ 110 بلین کا تھا، وہ فیڈرل گورنمنٹ سے ہماری صوبائی حکومت حاصل کرنے میں کامیاب رہی اور باقی ٹیکنیکل کمیٹی اس کو Decide کرے گی لیکن ساتھ ساتھ پچھلی دفعہ Grants اور Subvention کو ملا کے صوبہ خیبر پختونخوا کو، 14.78 فیصد ہمارا Federal Divisible Pool سے حصہ بن رہا تھا، یہ موجودہ صوبائی حکومت کی کامیابی ہے، باوجود اس کے کہ بلوچستان کو دو پرسنٹ تینوں صوبوں نے زیادہ حصہ دیا ہے لیکن پھر بھی ہم 14.78 سے 16.42 تک Divisible Pool میں اپنا حصہ بنانے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ (تالیاں) یہ بھی صوبائی حکومت کی کامیابی ہے۔ One percent of the un-divided Divisible Pool کی بات ہوئی کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں یہ بہت کم ہے، تو یہ Increase 1% فیڈرل گورنمنٹ نے Un-divided Divisible Pool سے ہمیں دی ہے، تو یہ نہیں ہے کہ ہم اس علاقے میں وہ کر سکتے ہیں بلکہ It can be used for construction as well as part of the Provincial Budget ji. تو یہ ہے کہ یہ صرف As a token فیڈرل گورنمنٹ اور تینوں صوبائی حکومتوں نے ہماری صوبائی حکومت کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ہمیں 1 % دیئے ہیں جو کہ اس سال ہمیں پندرہ ارب روپے تقریباً اس میں ملیں گے۔ ملاکنڈ تھری کے ساتھ انڈسٹریل اسٹیٹ کے بارے میں بھی ذکر ہوا تھا جی، درانی صاحب نے کیا تھا اور اس میں یہ بات بھی آئی تھی کہ ہماری پچھلی حکومت نے یہ کوشش کی تھی کہ تقریباً دس میگاواٹ بجلی ہم وہاں پہ قائم انڈسٹریل اسٹیٹ کو دیں گے لیکن اس بارے

میں تو درانی صاحب کو زیادہ پتہ ہو گا کہ 2001 میں ملاکنڈ تھری کے ساتھ یہ انڈسٹریل اسٹیٹ اے ڈی پی میں شامل تھا۔ پھر 2005 میں وہ اے ڈی پی میں Reflect نہیں ہوا، جس طرح ہے، تو زیادہ تر میرے خیال میں اس وقت یا Feasible نہیں ہوا تھا یا جو بھی تھا لیکن اس دفعہ موجودہ صوبائی حکومت پھر وہاں ملاکنڈ ڈویژن میں ایک سمال انڈسٹریل اسٹیٹ قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جیسا کہ بجٹ سپیچ میں ہم نے کہا بھی تھا جی۔ باقی جی، یہ بات بھی بعض دوستوں نے اٹھائی تھی کہ گیس رائلٹی اور ہائیڈل پرافٹ جہاں سے ہمیں ملتا ہے، گیس کوہاٹ اور کرک میں ہے تو اس کا Increase 5% ہو جائے یا ہمارا جو نیٹ ہائیڈل پرافٹ ہے تو اس میں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ جائز ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ صوبہ کے دیگر اخراجات چلانے کیلئے بھی ہمیں پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے تو اس وجہ سے اگر ہم یہ Increase نہ کر سکے تو جو 'اماؤنٹ' ہمیں آتی ہے، وصول شدہ رقم جو آتی ہے، اس میں اگر آپ دیکھیں کہ جہاں پہ گیس پیدا ہوتی ہے تو ان ایریاز کو، اسی 'اماؤنٹ' کو اگر آپ دیکھ لیں تو پانچ پرسنٹ شیئر سے ان کا حصہ ویسے بھی Increase ہوتا ہے اور نیٹ ہائیڈل پرافٹ کا جو چھ ملین Cap amount ہے تو اسی کی بنیاد پہ پیر صابر شاہ صاحب نے یہ نکتہ اٹھایا تھا کہ اس کو آپ Increase کر دیں تو جس طرح نیٹ ہائیڈل پرافٹ چھ پرسنٹ آتا ہے تو اس میں پانچ پرسنٹ ان ہی ضلعوں کو جاتا ہے جہاں پہ یہ ڈیمز ہیں۔ پولیس کے 'نان سیلری' بجٹ کے بارے میں بات ہوئی تھی تو میں اس میں یہ بتاتا چلوں کہ سال 10-2009 میں چھ ارب اکہتر کروڑ روپے 'نان سیلری' کی مد میں مختص کئے گئے تھے جس میں پانچ ارب باسٹھ کروڑ روپے مرکزی حکومت سے ملے تھے۔ آئندہ سال 'نان سیلری' میں تین ارب سینتیس کروڑ روپے رکھے گئے ہیں جبکہ تین ارب بائیس کروڑ تیس لاکھ روپے 'نان سیلری' کی مد میں ہمیں مرکزی حکومت سے ملنے کی امید ہے۔ اس طرح 'نان سیلری' بجٹ چھ ارب انسٹھ کروڑ روپے ہو جائیگا۔ لہذا یہ تاثر غلط ہے کہ اس بار 'نان سیلری' بجٹ میں رقم کم ہے بلکہ میں یہ عرض کرتا چلوں کہ 08-2007 کے 'نان سیلری' بجٹ کے مقابلے میں، جو کہ 891 ملین روپے تھا، اب اس سال پولیس کے بجٹ میں 609 فیصد اضافہ کیا گیا ہے جی۔ جناب سپیکر، اکرم خان درانی صاحب ہمارے بھائی ہیں جنہوں نے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے بارے میں بات کی تھی 'سوری' ہائر ایجوکیشن کمیشن ہے کہ یونیورسٹیز کو فنڈ دینا کم کر دیا ہے یا سات ارب کی اس میں کمی آئی ہے، تو ذکر ہوا تھا کہ مردان اور سوات کی یونیورسٹیوں کو پیسے دیئے گئے ہیں اور باقی یونیورسٹیز کو نہیں ملے ہیں۔ میں اس میں عرض کرتا چلوں کہ مردان اور سوات کی یونیورسٹیوں کی زمین کی خریداری کیلئے

پیسے دیئے گئے تھے تو اس میں یہ ہے کہ زمین کی خریداری سوات میں نہیں ہو سکتی بلکہ ہم نے کوشش کی ہے کہ Lump sum پیسے دے دیں، تو اس لئے کی ہے۔ لیکن ساتھ ساتھ باقی ایسی یونیورسٹیز ہیں جیسا کہ غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ کو ہم نے چھ ملین روپے دیئے ہیں، خیبر میڈیکل یونیورسٹی پشاور کو پانچ ملین روپے ہم نے دیئے ہیں، زرعی یونیورسٹی کو انسٹھ ملین روپے دیئے ہیں اور بنوں میڈیکل کالج میں انڈومنٹ فنڈ کے اجراء کیلئے موجودہ سال ہم نے چالیس ملین روپے رکھے ہیں، تو ہماری موجودہ صوبائی حکومت نے یہ نہیں کیا کہ صرف سوات اور مردان میں بلکہ ہر جگہ، جہاں پہ بھی مسئلہ ہوا تو وزیر اعلیٰ صاحب نے ان وائس چانسلرز کو بلایا اور جو ان کی جائز مشکلات تھیں تو ہم نے ان کو حل کرنے کی کوشش کی ہے۔ جناب سپیکر، نظام عدل کے بارے میں درانی صاحب نے بات کی تھی، تو وہ تو بجٹ سپیچ میں Already میں نے کہا تھا کہ نظام عدل کے مکمل نفاذ اور وہاں پہ دارالقضاء کیلئے دس ملین روپے مختص کئے گئے۔ دارالقضاء اور عدلیہ کے دیگر دفاتر کیلئے اڑتالیس آسامیاں پیدا کی گئی ہیں اور جہاں تک بنوں میں سرکٹ بنچ کا سوال ہے تو یہ تو عدلیہ ہی فیصلہ کرے گی جی۔ اس کے علاوہ قلندر لودھی صاحب نے ایک سوال اٹھایا تھا سی وی ٹی کا کہ یہ 4%، سی وی ٹی پہلے بھی پراونشل گورنمنٹ فیڈرل گورنمنٹ کیلئے وصول کرتی رہی، جائیداد کا ٹیکس تھا، اب 18th Amendment کے بعد پراونسز کو سی وی ٹی میں شامل کیا گیا ہے تو ہم نے انہیں اسی طرح 4% سے Intact رکھا ہے لیکن ہمیں آخری وقت میں Intimation ہوا کہ یہ تو ابھی 18th Amendment کے بعد پراونشل اس میں آگیا ہے، تو ہم نے اسی طرح 4% سے Intact رکھا ہے لیکن اگر بعض دوستوں نے اس پر کچھ خدشات کا اظہار کیا ہے تو ضروری نہیں کہ یہ حرف آخر ہے، اس کو ذرا دیکھ کے، چلا کے پھر اس پہ فیصلہ ہو سکتا ہے۔ عبدالاکبر خان پہلے سے ہنس رہے ہیں، انہوں نے بھی یہی بات کی تھی، تو یہ ہو سکتا ہے جی۔ (مداخلت) او جی، هغه هلته خاندی جی۔ قلندر لودھی صاحب نے Incentives اور Un-attracted Areas Allowences کے بارے میں بات کی تھی کہ اس کو ایک وہ کریں تو اس سلسلے میں عرض ہے جی، کہ بعض علاقوں میں Un-attracted Areas Allownce ملتا ہے اور چند علاقوں میں Incentives صرف تین اساتذہ کو دی جاتی ہیں اور بعض مخصوص اضلاع میں دونوں مراعات خواتین کو ملتی ہیں، اس لئے یہ ایریاز Different ہیں تو ان کو اکٹھا کرنا ذرا مشکل ہوگا جی۔ سکندر شیرپاؤ نے Page 53 پہ 2.5 بلین فوڈ سبسڈی کا ذکر کیا تھا کہ آپ نے چودہ ارب روپے کیوں رکھے؟ تو Last year بھی ہم

نے فوڈ سبسڈی کی مد میں دو ارب روپے رکھے تھے اور اللہ کے فضل سے اس میں ہمیں کوئی اور سپلیمنٹری بجٹ نہیں دینا پڑا اور ہمیں یقین ہے کہ اس سال جو Bumper Crop ہوا، جو حالات ہیں جس طرح پنجاب سے ہمیں Freely گندم ملتی ہے تو انشاء اللہ یہی 2.5 بلین سے کم اس پہ سبسڈی ہمیں دینا پڑے گی لیکن خدانخواستہ ایسے حالات آ جائیں، Precautionary measures پہ-----

ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت): قحط را نہ شی۔

وزیر خزانہ: ہاں کوئی Unfortunate کچھ ایسے حالات نہ آ جائیں، تو اس کیلئے ہم نے چودہ بلین روپے ہم نے رکھے ہیں۔ جناب سپیکر، جی ایس ٹی کے بارے میں بھی سکندر خان نے یہ بات کی تھی کہ جی ایس ٹی، ابھی ان کے پاس وہ میکینزم، پراونشل گورنمنٹ کے پاس چونکہ میکینزم نہیں ہے تو جی ایس ٹی بھی فیڈرل گورنمنٹ ہی Collect کرے گی۔ ان کا ایک میکینزم ہے اور ہم پر چارجز تھے، پہلے 5% ہم سے Collect کرتی تھی، این ایف سی ایوارڈ کے بعد فیڈرل گورنمنٹ ہم سے 1% اس پہ چارجز Collect کرتی ہے۔ پھر آپ کی بات نیٹ ہائیڈل پرافٹ کی آئی تھی کہ ہمیں خدشہ ہے کہ یہ پچیس ارب روپے ہمیں نہیں ملیں گے جو فیڈرل گورنمنٹ نے Commit کی ہے، تو فیڈرل گورنمنٹ نے جب اتنی مہربانی کی ہے، اس نیٹ ہائیڈل پرافٹ کا ہمارے صوبے کا پہلے بھی مطالبہ تھا تو اگر انہوں نے مان لیا اور As a token ہمیں فرسٹ دس ارب دیئے تو یہ شرط تو میرے خیال میں In time پہنچ جاتی ہے، تو فیڈرل گورنمنٹ کی نیت پر ہمیں شک نہیں کرنا چاہیئے اور انہوں نے اپنے بجٹ میں 'پروویژن' رکھی ہے۔

ایک آواز: اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

(تالیاں)

وزیر خزانہ: انشاء اللہ جی۔ اسی طرح ثاقب صاحب نے بے نظیر ہیلتھ سپورٹ پروگرام کے بارے میں بات کی تھی کہ اس سے کچھ پیسے Preventive کیلئے بھی رکھے جائیں، تو Preventive کیلئے Already ایک میکینزم موجود ہے۔ ہم نے بجٹ سپیچ میں بھی یہی کہا تھا کہ یہ جو پانچ سو ملین ہم Allocate کر رہے ہیں تو یہ ان بیمار افراد کے، جو ہیپاٹائٹس سی کے مریض ہیں، علاج پر خرچ کریں گے۔ باقی Preventive کیلئے Already اپنے ادارے ہیں اور Preventive کیلئے جتنا پراونشل گورنمنٹ سے ہو سکتا ہے تو وہ کرتی ہے جی۔ Debt servicing کی بات ہوئی تھی، سکندر خان نے بھی بات کی تھی، ثاقب خان نے بھی بات کی تھی تو ہماری حکومت کی کوشش ہے کہ جتنے زیادہ بھی 'ہارڈ لونز' ہم واپس

کر دیں اور اس اے ڈی پی میں 4.125 بلین ہم نے مخصوص بھی رکھے ہیں تاکہ وہ Hard loans ہم واپس کر دیں تاکہ Debt servicing میں ہمیں جو دینا پڑتے ہیں وہ ہم نہ دے سکیں اور گورنمنٹ کی بات خوشدل خان نے کی تھی، گورنمنٹ کی پالیسی کی بات ہوئی تھی کہ یہ ڈیپارٹمنٹس کی مجبوری ہوتی ہے کہ کوالٹی ٹھیک ہو نہ ہو لیکن کم ریٹ پہ وہ ٹھیکہ ان کو دینا پڑتا ہے۔ تو ایسا نہیں ہے، ڈیپارٹمنٹ کے پاس اختیار ہے کہ وہ کوئی وجہ بتائے بغیر یہ کے کہ یہ چیز ہے اس پہ ہم وہ نہیں کرتے ہیں، ڈیپارٹمنٹ کے پاس یہ اختیار ہے، تو میرے خیال میں اس میں کچھ آگے کہنے کی وہ نہیں ہے جی۔ شگفتہ ملک بہن نے بات کی تھی کہ باچا خان پروگرام برائے تخفیف غربت جو کہ چار ضلعوں کیلئے مخصوص ہے اور آگے اور ضلعوں تک محدود ہے تو یہ ایک پائلٹ پراجیکٹ ہے، تو کوشش کر رہے ہیں کہ اسے اچھے طریقے سے چلائیں اور حکومت کا ارادہ ہے کہ اس کو آگے انشاء اللہ اور ضلعوں تک بھی ہم وسعت دے سکیں جی۔ جناب سپیکر، ہماری ایک بہن نے یہ بھی کہا تھا کہ فیمیل سکولز میں فیمیل لیبارٹری اٹینڈنٹ کی پوسٹ 'سینکشن' کی جانی چاہیئے، تو اس پہ تو Already ڈیپارٹمنٹ کام کرتا ہے کہ جہاں پہ مناسب سمجھے، میل سکول ہے تو اس میں میل لیبارٹری اٹینڈنٹ تعینات کرتا ہے، 'سینکشن' ہم فنانس دیتے ہیں لیکن ہم یہ نہیں کرتے کہ یہ فیمیل یا میل ہو، میل سکول میں میل ہوگا اور فیمیل سکول میں فیمیل ہوگی، ان کا ایک سوال تھا جی۔ میری بہن عظمیٰ بی بی نے یہ سوال اٹھایا تھا کہ اخبار میں آیا تھا کہ تعمیر خیبر پختونخوا پروگرام ڈبل ہو رہا ہے۔ تو میں نے اس بجٹ سپیچ میں بھی یہی کہا تھا کہ 1240 ملین روپے ہم نے تعمیر خیبر پختونخوا پروگرام کیلئے رکھے ہیں، اس طرح نہیں ہے، اگر اخبار میں کسی نے غلطی سے وہ کیا ہے تو اس کیلئے حکومت نے پہلے سے اعلان کیا ہے کہ 1240 ملین روپے ہم ان کو دینگے جی۔ سماجی بہبود کے محکمے کے بارے میں بات ہوئی تھی، پیرا 52، محکمہ سماجی بہبود اور ترقی خواتین کیلئے 205 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جو کہ موجودہ سال کے تخمینہ سے 80 فیصد زیادہ ہیں۔ اس کے علاوہ باچا خان خپل روزگار سکیم میں تیس فیصد حصہ خواتین کیلئے مخصوص ہے۔ اگر اے ڈی پی کی کتاب اٹھا کر دیکھیں تو وہ خواتین کی فلاح و بہبود کی سکیموں سے بھری پڑی ہے۔ میری بہن نے یہ بات کی تھی جی۔ پیر صابر شاہ نے وہی تربیلہ ڈیم اور رائلٹی کی بات کی تھی، تو میں نے عرض کیا کہ چھ بلین روپے ہمیں ملتے ہیں، اس سے انشاء اللہ انہی جھیلوں پر خرچ ہوتے ہیں جی۔ شمعون خان اور سکندر خان نے یہ بات کی تھی کہ آپ نے فوڈ سبسڈی کیلئے 85.9 ملین کی 'پروویژن' رکھی ہے۔ شمعون خان نے بات کی تھی اور شازی خان نے اس دن تو جواب بھی دیا تھا کہ چونکہ فوڈ ڈیپارٹمنٹ بینک

سے 'لون' لیتا ہے اور Gauranter پراونشل گورنمنٹ ہوتی ہے تو یہ ہماری وہ ہے کہ ہم اس کو Show کر دیں، اے ڈی پی میں 'ریفلیکٹ' کر دیں اور اس سے پھر وہی 'لون' جو وہاں پر سبسڈی میں دینا پڑتا ہے تو ہم اس سے وہ دیدیتے ہیں جی۔ جناب سپیکر، سردار صاحب نے واٹر شیڈ مینجمنٹ کے ملازمین کے مستقبل اور تنخواہوں کے بارے میں بات کی تھی تو اس سلسلے میں میں عرض کروں کہ واٹر شیڈ مینجمنٹ کے ملازمین کی تنخواہیں آئندہ سال حکومت خیبر پختونخوا برداشت کرے گی، یہ ایک پراجیکٹ تھا تو آئندہ سال حکومت خیبر پختونخوا ان کی تنخواہیں برداشت کر سکے گی۔ محترمہ شازیہ اورنگزیب صاحبہ نے ایک اخباری خبر کا حوالہ دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ واپڈا کے ممبر فنانس نے پچیس ارب روپے خیبر پختونخوا کو ادا کرنے کیلئے 'ٹیرف' بڑھانے کا عندیہ دیا ہے جو کہ اس ہاتھ سے دیکر اس ہاتھ سے لینے کے مصداق ہے۔ جواباً عرض ہے کہ ہماری حکومت کبھی یہ نہیں چاہے گی کہ وفاقی حکومت نیٹ ہائیڈل پرافٹ کی مد میں ہمارے بقایاجات ادا کرنے کیلئے 'ٹیرف' بڑھائے، بات ہم نے پہلے بھی فیڈرل گورنمنٹ سے کی تھی کہ جس سے عوام پر بوجھ پڑے گا، میں آپ کو یہ بھی بتاتا چلوں کہ ہماری حکومت نے پیسکو کے خلاف 'ٹیرف' کی بڑھوتی رکوانے کیلئے ایک رٹ بھی دائر کی ہے جو عدالت میں پینڈنگ ہے۔ ہماری ہمیشہ سے وفاقی حکومت سے یہی استدعا ہے کہ وہ پیسکو اور واپڈا کے دیگر اخراجات کو کنٹرول کر کے ہمارے بقایاجات ادا کرے۔ عبدالاکبر خان اور سکندر خان نے یہ بھی بات کی کہ یہ جی ایس ٹی، پراونشل کی بات ہوئی تھی کہ Last year ہم نے وہ کیا تھا، Estimated 2.11 بلین اور ہمیں Receive ہوئے تھے 811 ملین، تو یہ کیسے ممکن ہے کہ ابھی آپ کو 12.5 بلین ملیں گے؟ تو میں نے پہلے بھی اس بارے میں ذکر کیا کہ فیڈرل گورنمنٹ ہمیں فگرز دیتی ہے جو In writing میں آتی ہیں اور اسی کو Base بنا کر ہم اپنا بجٹ بناتے ہیں اور انشاء اللہ، بعض چیزوں میں، ٹھیک ہے جی کسی چیز میں کمی بھی آتی ہے اور جو فگرز ہمیں Intimate ہو جاتے ہیں تو بعض میں کمی بھی آتی ہے، بعض مدوں میں Increase بھی آ جاتا ہے اور زیادہ بھی آ جاتے ہیں لیکن بجٹ تو ہے بھی Estimates کا۔ پی ایس ڈی پی کے بارے میں عبدالاکبر خان نے ذکر کیا تھا کہ فیڈرل گورنمنٹ نے اس دفعہ اس صوبے کی پی ایس ڈی پی میں کوئی شیئرز نہیں دیئے تو یہ آپ لوگوں نے کیوں بجٹ میں 'ریفلیکٹ' نہیں کیا ہے؟ اس طرح آپ کی بات آئی تھی، تو میں نے سپیچ میں بھی کہا تھا کہ ہم نے بجٹ میں اس لئے وہ نہیں کیا کہ وہ صرف فگرز بنانے کی بات تھی۔ پہلے تو ہوتی رہی لیکن ہم نے اس دفعہ Actual جو ہمارے پراونشل گورنمنٹ کے وہ ہیں اور ساتھ فیڈرل گورنمنٹ

ہمارے لئے جو بڑے منصوبے پی ایس ڈی پی میں کر رہی ہے تو ہم نے کچھ سکیموں کے نام بھی اس سلسلے میں دیئے تھے۔ مفتی کفایت اللہ خان نے 'باچاخان خپل روزگار سکیم' پر اعتراض کیا تھا کہ آپ نے لکھا ہے کہ 'باچاخان خپل روزگار سکیم' ، تو یہ تو Self employment کی سکیم ہے، خود روزگار سکیم ہے تو میرے خیال میں یہ تو کوئی بات تھی ہی نہیں۔ (قہقہہ) اے ڈی پی کے بارے میں بات ہوئی تھی اور یہ بات بھی ہوئی تھی کہ Throw Forward کی بات ہوئی۔ سکندر خان نے بات کی تھی کہ آپ کس طرح یہ کہیں گے کہ Throw Forward ہمارا 1.4 ہوگا۔ اس میں جی یہ ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 2010-11 میں ٹوٹل 972 منصوبے شامل ہیں جن کی کل لاگت 185 بلین روپے ہے جن میں سے 39 بلین خرچ ہو چکے ہیں اور مزید 60 بلین 2010-11 میں مختص کئے گئے ہیں۔ جناب سپیکر، اسی حساب سے 86 بلین روپے سال 2011-12 اور 2012-13 میں درکار ہونگے۔ اگر سالانہ ترقیاتی پروگرام 2010-11 کا حجم برقرار رکھا جائے تو Throw Forward کو، مالی ضروریات کو آئندہ ڈیڑھ سال میں پورا کر دیا جائے گا جو ایک خوش آئند لائحہ عمل تصور کیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، باقی تو میرے خیال میں میں نے کوشش کی کہ جتنے سوالات تھے وہ صرف Repetition تھی اور جس طرح میں نے پہلے عرض کیا کہ زیادہ باتیں بجٹ کے علاوہ ہوئی ہیں۔ میں نے کوشش کی کہ ہمارے جتنے بھی دوست ہیں ان کو جوابات ہم دے سکیں۔ اگرچہ ہم نے پوری محنت اور جانفشانی سے بجٹ دستاویزات تیار کیں تاہم غلطی کا امکان، مفتی کفایت اللہ نے اس دن نکالی تو میں معذرت خواہ ہوں، بعض اوقات وہ Typing mistake آ جاتی ہے۔ جناب سپیکر، ہماری کوشش ہے اور کوشش رہی کہ ہم ایک عوام دوست بجٹ پیش کریں جس میں بہتر 'سروس ڈیلیوری' کو ممکن حد تک یقینی بنایا جا سکے۔ ایسا بجٹ بنانا، ایسے حالات میں بالخصوص ایک مشکل امر تھا جب وسائل کو فراخدلی کے ساتھ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں Neutralize کیا جاتا ہے، اس کے باوجود ہم ایسا بجٹ پیش کرنے میں کامیاب ہوئے جس کا کل حجم موجودہ سال کے بجٹ سے تقریباً چالیس فیصد زیادہ ہے جبکہ ترقیاتی بجٹ موجودہ سال سے ستتر فیصد زیادہ ہے۔ ہم نے بے روزگاری میں کمی، مہلک بیماریوں جیسے ہیپاٹائٹس سی کا مفت علاج، منافع بخش تعلیم کے فروغ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے متعلق بزنس لانے کیلئے اور صوبے میں نئے تخلیقی منصوبے متعارف کرائے۔ میرے لئے یہ امر باعث اطمینان اور مسرت ہے کہ ان منصوبوں یعنی باچاخان خپل روزگار سکیم، بے نظیر ہیلتھ سپورٹ پروگرام، صوبائی یوتھ ٹیکنیکل ایجوکیشن اور کال سنٹرز اور کوآپریٹیو بینک کی

بھرپور اور وسیع پیمانے پر پذیرائی ہوئی۔ اپنی تقریر سمیٹتے ہوئے جناب سپیکر، میں ایک بار پھر آپ کا اور معزز ممبران کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میری اور میری ٹیم کی حوصلہ افزائی کی اور ہمیں اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔ میں آپ سب کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ۔

مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Now we start 'Demands/Cut Motions': Demand No. 1. The honourable Minister for Law & Parliamentary Affairs, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 1. Honourable Minister for Law, please.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): تھینک یو جی۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 70 ملین 678 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2011ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صوبائی اسمبلی کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved "that a sum not exceeding rupees 70 million, 678 thousand only, be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2011, in respect of Provincial Assembly."

Since no cut motion has been moved by any honourable Member on Demand No. 1, therefore, the question before the House is that Demand No. 1 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 1 is granted. Demand No. 2. The honourable Minister for Law, on behalf of the honourable Chief Minister, to please move his Demand No. 2. Honourable Minister for Law, please.

وزیر قانون: جناب سپیکر، میں جناب وزیر اعلیٰ صوبہ خیبر پختونخوا کی طرف سے تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ ایک بلین 414 ملین 328 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان

اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2011ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران نظم ونسق عمومی کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion moved "that a sum not exceeding rupees one billion, 414 million 328 thousand only, be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2011, in respect of Administration."

Cut motions on Demand No. 2: Mr. Akram Khan Durrani Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 2. Mr. Akram Khan Durrani Sahib, please.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب، زه د ایک سو روپئ د کټوتئ تحریک پیش کوم ځکه چه د محکمے کارکردګی ښه نه ده۔

Mr. Speaker: The motion moved: "that the total grant may be reduced by rupees one hundred only". Mr. Iqbal Din Fana Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 2. Iqbal Din Fana Sahib, please.

ڈاکٹر اقبال دین: جناب سپیکر، زه د لس روپو د کټوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion moved: "that the total grant may be reduced by rupees ten only". Mr. Israrullah Khan Gandapur, to please move his cut motion on Demand No. 2. Not present, it lapses. Mr. Sanaullah Khan Miankhel, to please move his cut motion on Demand No. 2. Sanaullah Khan Miankhel Sahib.

Alhaj Sanaullah Khan Miankhel: Withdrawn.

Mr. Speaker: Withdrawn. Sardar Aurangzeb Khan Nalotha Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 2. Sardar Aurangzeb Khan, please.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر، میں سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion moved: "that the total grant may be reduced by rupees one hundred only". Sikandar Hayat Khan Sherpao, to please move his cut motion on Demand No. 2. Sikandar Hayat Khan, please.

Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao: Mr. Speaker Sir, I beg to move a cut of one thousand rupees on Demand No. 2.

Mr. Speaker: The motion moved: "that the total grant may be reduced by rupees one thousand only". Mr. Abdul Akbar Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں اپنی کٹ موشن کو واپس لونگا لیکن جب میرا ٹائم آئے گا تو میں اس پر ایک منٹ، کٹ موشن نہیں، بحث کرونگا۔۔۔۔

(شور/قہقہے)

Mr. Speaker: Withdrawn.

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، میں اس پر کٹ موشن تو پیش نہیں کرتا لیکن مجھے اس پر صرف ایک منٹ کیلئے بات کرنے کا موقع دیں۔

Mr.Speaker: There are two options, either you have to move or withdraw. میں نے رولنگ دے دی۔ There are two options.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میرا ایک پوائنٹ آف آرڈر ہے۔ اگر آپ مجھے ابھی موقع دیتے ہیں تو میں ابھی پیش کرونگا یا اپنا نمبر آنے پر پیش کروں کیونکہ انتہائی بہت اہم مسئلہ ہے۔

جناب سپیکر: جب مناسب موقع آجائے تو پھر آپ پیش کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: تو یہ موقع اب اسی 'گرانٹ' میں ہے لیکن اگر آپ نمبر پہ دیتے ہیں، جیسا کہ درانی صاحب کا پہلے نمبر ہے، ایک تو میرا پوائنٹ آف آرڈر ہے کہ جی یہ Alphabetical order میں آپ نے Commitment کی تھی کہ یہ Alphabetical order پر ہونگے۔ 'عبدالاکبر' تو A سے شروع ہوتا ہے، تو یہ Ab سے شروع ہوتا ہے، اگر آپ نے اردو کے Alphabetical بھی لئے تو۔۔۔۔۔

(شور)

ایک آواز: تو آپ 'موو' نہیں کرتے؟

جناب عبدالاکبر خان: نہ، میں 'موو' کرتا ہوں پچاس روپے کی کٹ موشن۔

جناب سپیکر: اسی طرح مختصر کہیں نا، خواہ مخواہ تو وہ (قہقہہ) The motion moved: "that the total grant may be reduced by rupees fifty". Fifty or hundred?

Mr. Abdul Akbar Khan: Fifty.

Mr. Speaker: Fifty only. Mr.Attiq-ur-Rehman, to please move his cut motion on Demand No. 2. Attiq-ur-Rehman please.

جناب عتیق الرحمان: زه واپس اخلمه جی۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Muhammad Javed Khan Abbasi Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 2. Javed Abbasi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: شکریہ۔جناب سپیکر، میں پانچ لاکھ کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion moved: “that the total grant may be reduced by rupees five lacs only”. Malik Hayat Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2. Malik Hayat Khan, please.

جناب حیات خان: وزیر اعلیٰ صاحب پخپله راغلے دے نو زه Withdraw کومه جی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Withdrawn, thank you. Malik Qasim Khan Khattak, to please move his cut motion on Demand No. 2. Not present, it lapses. Muhammad Anwar Khan Advocate, to please move his cut motion on Demand No. 2. Not present, it lapses. Mufti Kifayatullah Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 2.

مفتی کفایت اللہ: میں جی پانچ سو تیرہ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion moved: “that the total grant may be reduced by rupees five hundred & thirteen only. Mr. Naseer Muhammad Khan Maidad Khel, to please move his cut motion on Demand No. 2. Naseer Muhammad Khan, not present, it lapses. Noor Sahar Bibi, to please move her cut motion on Demand No. 2.

محترمہ نور سحر: شکریہ سپیکر صاحب۔ سر، میری یہ کٹ موشن آپ دیکھ لیں، سب سے زیادہ ہے اور بڑا سوچ سمجھ کر میں نے اس کو دیا تھا۔ میں سٹینڈنگ کمیٹی اسٹیبلشمنٹ کی چیئر پرسن ہوں، چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب آئے ہوئے ہیں تو اپنی کٹ موشن کو میں Withdraw کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: Withdrawn۔ وزیر اعلیٰ صاحب سے درخواست ہے کہ پھر وہ بیٹھے رہیں تاکہ میری کٹ موشنز ذرا کم ہو جائیں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Ms. Nighat Yasmin Orakzai, to please move her cut motion on Demand No. 2. Yasmin Bibi.

Ms. Nighat Yasmin Orakzai: Withdrawn, ji.

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Muhammad Zamin Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب محمد زمین خان: ډیره مهربانی، شکریہ۔ چونکہ وزیراعلیٰ صاحب بھی بیٹھے ہیں اور محکمے کی کارکردگی درست نہیں ہے تو میں چاہتا ہوں کہ اس کے سامنے ذرا، میرے خیال میں شاید دوسروں کو اس طرح نہیں لگ رہی ہو، تو محکمے کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے میں اپنی یہ کٹ موشن سو روپے لگاتا ہوں، پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: پیش کرتے ہو تو Simply کہو کہ میں پیش کرتا ہوں نا۔ کتنے کا پیش کر رہے ہیں وہ تو پورا۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: بتا دیا، اچھا ٹھیک ہے، شکریہ۔ The motion moved: "that the total grant may be reduced by rupees one hundred only". Akram Khan Durrani Sahib, ji.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ محترم سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ چونکہ ایک اہم ڈیپارٹمنٹ ہے اور اس کے ساتھ بہت سی چیزیں وابستہ ہیں اور یہ ہمیشہ اس طرح ہے کہ اس کا زیادہ تر دارومدار، یہاں پر ہمارے زیر استعمال جو ایم پی ایز ہاسٹل ہے یا منسٹرز کی ریزیڈنسز ہیں یا پراونشل اسمبلی ہے، اور بھی بہت سی چیزیں اس کے ساتھ وابستہ ہیں، چونکہ ایڈمنسٹریشن میں چیف منسٹر صاحب نے خود بھی کچھ اقدامات کئے ہیں اور کچھ باتیں ان کے نوٹس میں آئی تھیں، ہم سراہتے ہیں ان کے اقدامات کو، باقی یہاں پر میں نے ایک بات کی تھی اور یہاں پر جب ہم بات کرتے ہیں تو ہماری قطعاً یہ سوچ نہیں ہوتی کہ ہماری اس میں کوئی بدنیتی ہو یا اس میں کسی کی بھی تھوڑی بہت ایسی بات ہو جو کہ اس کی عزت کے ساتھ وابستہ ہو، جب ہم پیش کرتے ہیں تو ہماری صرف اور صرف یہ کوشش ہوتی ہے کہ اس میں اصلاح ہو، اگر کہیں پر بھی انسان سے غلطی ہو جائے تو دوبارہ وہ غلطی نہ ہو اور اگر اس غلطی کا کچھ آزالہ ہو سکتا ہے تو اس پر نظر ثانی بھی ہو سکتی ہے۔ یہاں پر میں نے اپنی بجٹ تقریر میں ایک بات کی تھی کہ یہاں پر اسمبلی میں سپیکر چیمبر پر ایک کروڑ ترسٹھ لاکھ روپے کا خرچہ آیا ہے، تو چونکہ یہ میرے نوٹس میں تھا اور میں ایک ذمہ دار حیثیت سے یہاں پر جب بات کرونگا تو کہیں پر بھی اس طرح بات نہیں کرونگا جس کے کچھ ثبوت نہ ہوں یا اس کے بارے میں مجھے کچھ علم نہ ہو، آکر دیکھیں میرے پاس Written بھی ہے۔ اس ڈھائی سال میں یہاں پر پراونشل اسمبلی کی مرمت اور اس کی خوبصورتی پر

ایک سو ستانوے اعشاریہ چھ سو دس ملین روپے خرچ ہوئے اور یہ بالکل ریکارڈ پر ہے جو کہ میرے خیال میں بیس کروڑ سے کچھ کم ہے، باقی تقریباً بیس کروڑ روپے جو ہیں اس اسمبلی کے، ہم خود بھی چاہتے ہیں کہ یہ خوبصورت بھی ہو کیونکہ اس میں خوبصورت لوگ آتے ہیں، اس میں صوبے کی ایک کریم ہے جو کہ وہاں پر لوگ ان کا چناؤ کرتے ہیں تو ان کی بیٹھنے کی جگہ بھی ہو۔ آپ کی چیئر جو بھی ہے، یہ ہم سب اور اس صوبے کی عزت ہے، میرے خیال میں چیف منسٹر صاحب کی جو کرسی ہے یا آپ کی کرسی ہے لیکن میں نے اس بات کو اس نسبت پر اٹھایا تھا کہ یہاں پر اگر ہم منسٹرز کے اخراجات میں بیس پرسنٹ کٹوتی کرتے ہیں اور دوسری طرف ہم شاہانہ اخراجات بھی کرتے ہیں تو ان دونوں باتوں کا آپس میں بالکل تضاد ہے۔ لیاقت شباب صاحب نے یہاں پر میرے خیال میں، میں تو نہیں تھا انہوں نے بات کی تھی کہ یہ نہیں ہے، اس کے میرے پاس پورے پیپرز یہاں پر ہیں جن میں کچھ صوفے ہیں جو کہ کچھ Arabian design کے ہیں، نام بھی بہت عجیب سے ہیں، تو چونکہ میں نے ایک ذمہ دار حیثیت سے یہاں پر ایک بات کی تھی اور جب میں بات کرونگا تو تھوڑا سا اس کو Prove بھی کرونگا، تو یہ یہاں پر جتنے بھی اخراجات آئے تھے، اس پر بھی ہم نے کوشش کی تھی کہ جہاں پر ہم بیٹھے ہیں تو اس کو ہم خوبصورت سے خوبصورت بنائیں، یہ ضرورت تھی۔ چونکہ وہاں پر جو ہال بنا تھا وہ بہت کم تھا اور اس میں تعداد جو تھی، جب ایک سو چوبیس تک اضافہ ہوا تو ہم سکول کے بچوں کی طرح ایک ایک بینچ پر دو دو، تین تین بیٹھتے تھے، ہم چاہتے ہیں کہ یہاں پر جتنے بھی کام ہوں، وہ ایک تو شیڈول ریٹس پر ہوں جو دیئے گئے ہیں، اس میں قطعاً بھی کسی سرٹیفیکیٹ کی ضرورت نہیں ہونی چاہیئے کہ فلاں جگہ پر جو ریٹ ہے اس کو ہم کچھ سپیشل اجازت دیتے ہیں۔ باقی اخراجات بھی ضروری ہیں، ہم کرینگے بھی لیکن آج بھی میری جو بات ہے وہ صرف اصلاح کیلئے ہے، اس نسبت سے نہیں لیکن یہ پیپرز میرے پاس ہیں، اسی ہاؤس کی جو سٹینڈنگ کمیٹی ہے اگر وہ مناسب سمجھتی ہے، آپ ہمارے سپیکر ہیں اور یہاں پر اگر آپ خود مناسب سمجھتے ہیں تو اس پر ایک میٹنگ بلائیں اور جتنے بھی پارلیمانی لیڈرز ہیں ان کو آپ اعتماد میں لیں اور یہاں پر جو اخراجات ہوئے ہیں ان کو میرے خیال میں ان کے سامنے رکھیں، جو ضرورت ہوتی ہے۔ ہم تو اصلاح کیلئے بات کرتے ہیں، پھر کسی پر زیادہ وہ بھی نہیں کرتے اور پھر آپس میں بات بھی کرتے ہیں۔ تو یہ ایک دو باتیں جو کہ میں نے اس لحاظ سے ضروری سمجھیں کیونکہ میں نے یہاں پر ایک بات کی تھی اور پھر میں نہیں تھا اور جواب دیا گیا تھا تو اس نسبت سے آج موشن پر تھوڑی سی میں نے وضاحت کی جو کہ آپ کے سامنے ہے۔ باقی اس پر گورنمنٹ کا جس طرح

ردعمل ہو، ہم نے تو صرف ایک بات آپ کے سامنے رکھی، وہ بھی اصلاح کی نظر سے اور صرف اس نسبت سے کہ ہم اگر کوشش کریں اور اپنے اخراجات کو کم کریں کیونکہ صوبہ اس کا متحمل نہیں ہو سکتا، اس صوبے پر بہت زیادہ تکلیفات ہیں اور ہمیں بہت سی ضروریات ہیں۔ میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے بات کرنے کیلئے وقت دیا۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: میں خود کوشش کرتا ہوں کہ جو بھی کام ایسا ہو تو اسی ہاؤس سے مشاورت کرتے ہیں۔ میں نے پرسوں بھی ایک کمیٹی بلائی تھی جس میں سارے پارلیمانی مشران، جتنے بھی یہاں پر ہیں ایجوکیشن اور ہیلتھ کے بارے میں، تو مشاورت بہت اچھی چیز ہوتی ہے، ارادہ اور نیت بھی بہت اچھی ہوتی ہے، ان سب چیزوں پر آج تک، میں اس کرسی پر جو بیٹھا ہوں تو میں ایک بھی کام بغیر مشاورت کے نہیں کرتا، اب ان دو تین ڈیپارٹمنٹس میں انقلابی اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، تو میری لیڈر آف دی اپوزیشن سے درخواست ہے کہ جو بھی میٹنگ میں بلاؤں تو آپ بذات خود اس میں تکلیف کیا کریں، آیا کریں تو 'امپرومنٹ' بہت آجائیگی کیونکہ آپ کا تجربہ ہے، پانچ سالہ تجربہ ہے، کم از کم حکومت میں آپ ایک ذمہ دار، لیڈر آف دی ہاؤس رہ چکے ہیں تو ہم آپ کے تجربے سے بھی فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں، اس میں ہم آپ کی کمی بہت محسوس کرتے ہیں۔ اس دن بہت اہم میٹنگ تھی تو آپ ایک نمائندہ بھیج دیتے ہیں تو میری آپ سے گزارش ہوگی کہ آپ بذات خود اگر آیا کریں تو یہ کمی بہت حد تک دور ہو جائیگی۔ Any how شکریہ جی۔ سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، پلیز۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: جناب سپیکر صاحب، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کی بڑی خوش قسمتی ہے کہ اس کے وزیر اعلیٰ امیر حیدر خان ہوتی ہیں، تو میں اپنی یہ تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>Mr. Speaker</u>: withdrawn. Janab Sikandar Hayat Khan, to please start your discussion.

<u>جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ</u>: ډیره مهربانی جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، څنګه چه درانی صاحب هم خبره اوکړه، مونږه چه دا کټ موشنز پیش کوؤ نو د دے بنیادی مقصد دا وی چه د حکومت د اصلاح د پاره مونږه تجاویز ورکول غواړو، که هغه په بجټ باندے سپیچ وی او په هغے کښے مونږه پوائنټس رااوچتوؤ او که هغه ډیپارټمنټس Individual چه کوم ګرانټس غوښتی وی په هغے باندے مونږه

خبره کوؤ نو مونږه د اصلاح د پاره صرف خبره کول غواړو۔ په هغے دغه باندے مونږه هم پوهیږو چه اکثریت دوئ سره شته او دوئ هغه شان دا بجټ پاس کولے شی خو کم از کم دا مونږه خپل حق گنړو چه مونږه د هغه خپل پوائنټ آف ویو په ریکارډ باندے ضرور راولو او د دغے د پاره جناب سپیکر، دا کټ موشنز مونږه پیش کړے دی۔ جناب سپیکر، ډیمانډ نمبر2 د جنرل ایډمنسټریشن په باره کښے دے او که زه دا اووایمه چه دا جنرل ایډمنسټریشن زمونږه د ټول سټرکچر یو Backbone دے نو دا به غلطه نه وی ځکه چه دا چه کوم اقدامات اوچتوی او د دے په ذریعه نور ډیپارټمنټس هم کنټرول کیږی نو د هغے حوالے سره دا عرض دے چه تر څو پورے جنرل ایډمنسټریشن کښے یو مثال نه وی قائم شوے نو په نور ډیپارټمنټس کښے به هغه شان په هغے باندے عمل نه کیږی۔ جناب سپیکر، هسے هم که مونږه اوگورو نو د تیر کال دوه راسے نه دا سے Economic crunch راغلے دے، په ټوله دنیا کښے هم شته خو بیا خصوصاً زمونږه ملک کښے د هغے اثرات زیات Feel کیږی ځکه چه مونږه Economically هغه شان Stable نه یو او بیا په دے ملک کښے دننه زمونږه صوبه چونکه زیاته پسمانده ده او د هغے هم هغه شان وسائل زیات نشته نو په هغے باندے اثرات لا زیات راځی۔ په هغه حوالے سره دا لازم ده چه مونږه به یو مثال قائموؤ چه خپل اخراجات به پخپله د کنټرول کولو کوشش اوکړو، که نه وی نو جناب سپیکر، دا به دومره زمونږه د لاس نه اوځی چه مونږه به ئے بیا سبا په هیڅ صورت کښے رانیولے نه شو او نه به ئے کنټرول کولے شو۔ جناب سپیکر، زه به د دوه دریو Trends باره کښے ذکر کومه۔ یو خو جناب سپیکر، د جنرل ایډمنسټریشن ما د تیر 2005 نه تر اوسه پورے ټوټل دغه رااویستولو او جناب سپیکر، که هر کال تاسو اوگورئ نو هغے کښے چه دوئ ځانله څومره بجټ ایښودے وو نو د هغے نه Revised estimates چه دی، زیات دغه شوے دی۔ جناب سپیکر، زه په دے باندے هم پوهیږم چه دا کله هم څه Exact estimates نه وی، هغے کښے پانچ دس پرسنټ پاس یا لاندے راتلے شی خو چه کله تیس پرسنټ او ساټھ پرسنټ او سو پرسنټ Increase دغه شی نو بیا پکار ده چه مونږه د هغے باره کښے سوچ شروع کړو ځکه چه کم از کم زمونږه غریبه شان صوبه هغه نه شی برداشت کولے۔ جناب

سپیکر، کہ تاسو پہ 06-2005 بجټ کښے اوګورئ نو 543 ملین دوئ بجټ غوښتے وو او دغه ئے چه اوکړو نو هغه 812 ملین یعنی 49 پرسنټ Increase شوے دے۔ جناب سپیکر، دغه شان پہ 08-2007 کښے 650 ملین بجټ ئے غوښتے وو او 1333ملین دغه شو، سو پرسنټ Increase شوے دے۔ جناب سپیکر، تیر کال چه دے جی 850 ملین بجټ ئے غوښتے وو او 1308 ملین یعنی تقریباً 60 پرسنټ نه Increase Aboveشوے دے جی۔ دے کال، دا تیر شوے کال ئے 905 ملین بجټ غوښتے وو او 1262 ملین د دے Actualدغه شوے دے نو دا څه تقریباً 40 پرسنټ Increase شوے دے او بل خوا ته چه مونږه اوګورو جناب سپیکر، نو زمونږه چه Provincial own receipts دی، په هغے باندے اوس منسټر صاحب خبره هم اوکړه چه ټوټل Six to seven percent ټوټل زمونږه د بجټ هغه جوړیږی نو چه خپل Own receipts اوګورو او دلته کښے دے خرچو ته، خالی د یو ډیپارټمنټ دے خرچے ته اوګورو نو جناب سپیکر، دا ټهیک ده نن به پرے وخت تیر شی خو سبا به دا داسے صورتحال ته اورسی چه دا حکومت به دا خرچے نه شی برداشت کولے۔ جناب سپیکر، د دے د پاره د اوس نه که مونږه اقدامات اوچت نه کړو، د دے د پاره که د اوس نه مونږه پیش بندی اونه کړو نو زما خیال دے چه بیا به د دے مسئلے حل نه شی راوتلے او دا دغه به څنګه رااوباسو؟ جناب سپیکر، ټهیک ده زه په دے باندے پوهیږم چه Salary Increase چه دے هغے کښے کمے هغه شان دغه نه دے ځکه چه د هغه خلقو آمدن هسے هم کم دے او زمونږه چه کوم Inflationدے هغه شے نه، خو چه کوم Operating costsدی چه دیکښے کم از کم مونږه کمے راولو او چه کوم غیر ضروری اخراجات دی چه هغه مونږه راکم کړو نو هله به دا څیزونه کنټرول کیږی۔ درانی صاحب هم ذکر اوکړو او ما په بجټ سپیچ کښے هم دا ذکر کړے وو چه کومه ورځ دلته کښے اعلان اوشو چه یره مونږه د منسټرانو صاحبانو بیس پرسنټ تنخواه کموؤ نو ټهیک ده، مونږه دا اعلان'ویلکم' کوؤ او مونږه دا خبره'ویلکم' کوؤ خو جناب سپیکر، هلته کښے بیا تاسو ته دا هم اوښودل چه د هغے څومره اثر کیږی، مونږه چه حساب اولګوو نو دغه ټوټل څه اټهاره انیس لاکھ روپئ بچت پاتے شو او بل خوا ته چه مونږه اوګورو نو د سی ایم

سیکریټریټ په'انټرټینمنټ' کښے تقریباً دوه نیم کروړه روپئ ایکسټرا خرچ شوے دی او جناب سپیکر، ایک کروړ هغوی بجټ له پاره ایښودے وے او ساړهے تین کروړ روپئ په هغے کښے خرچ شوے دی۔ اسټېلشمنټ ډیپارټمنټ چه دے، هغے څه پندره لاکھ روپئ ایښودے وے او پچاسی لاکھ روپئ ئے خرچ کړے دی۔ جناب سپیکر، نو یو طرف ته مونږ، څنګه چه درانی صاحب اووئیل چه دا تضاد دے او دا'میسج' چه دے هغه نور ډیپارټمنټس ته داسے ځی چه یره دا کوم اعلانات چه دوئ کوی یا چه دوئ وائی چه دا زمونږه دغه دے چه مونږه دا خرچے کمول غواړو، دا هسے زبانی جمع خرچ دے او دا Actualهغه پالیسی نه ده نو جناب سپیکر، چه د دے څیز مونږ دغه اوکړو۔ اوس که زه د دے هغه ډیلی حساب رااوباسمه جناب سپیکر، که دا ساړهے تین کروړ روپئ والا نو دا تقریباً 95 thousand per dayراځی جی چه 365 days واخلئ۔ جناب سپیکر، دا څیزونه دی چه مونږه دا Curtailکړو نو د هغے سره به فرق پریوځی او د هغے به یو ښه'میسج' لیږلے کیږی۔ بل جناب سپیکر، د دے ډیپارټمنټ نه زما یو دا هم دغه دے چه چونکه دا ټول ډیپارټمنټس Overseeکوی او د هغے پوسټنګ ټرانسفرز کنټرول کوی، په دے وخت سره زمونږه صوبه کښے د ستر نه Above داسے افسران دی چه هغه لوئر ګریډ دی او په هائر ګریډ باندے لګیدلی دی۔ جناب سپیکر، د دے'میسج' ډیر غلط ځی، د دے سره د سروس هغه مورال خرابیږی او هغے سره د ښه افسرانو هغه Incentives دغه کیږی۔ جناب سپیکر، دغه شان سوله داسے افسران دی چه د هغوی سره Dual charge دے، د ستره نه Above داسے افسران دی چه کوم دے وخت کښے او ایس ډیز دی۔ جناب سپیکر، نو دے طرف ته هم توجه ورکول پکار دی چه زمونږه کوم بیوروکریسی ده چه د هغے هغه Maximum potential مونږه Utilizeکړو او مونږه صحیح طریقے سره دغه کړو نو د هغے سره به دا وی چه د دے ډیپارټمنټ ښه کیدو سره به د نورو ډیپارټمنټس سروس ډیلیوری باندے به هم اثر پریوځی او هغے باندے به هم یو چیک پیدا کیږی۔ جناب سپیکر، نو د دے د پاره زما دا ریکویسټ دے، پکار دا ده چه د دے ډیپارټمنټ کښے اصلاح اوکړے شی۔ ما اخری ځل، وروستو ځل چه کله زمونږه بجټ وو نو په هغے کښے هم ما دا خبره کړے وه او هغه وخت

سره ارشد عبدالله صاحب، لاء منسټر صاحب دا یقین دهانی راکړے وه چه یره آئنده به مونږه خرچه کم کوؤ۔ زه اوس دا هغوی باندے پریږدمه چه آیا هغوی د هغے خپلے وعدے سره انصاف کړے دے او که نه دے کړے ؟ جناب سپیکر، دغه یو څو گزارشات ما تاسو ته کول غوښتل۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان۔

نکتہ اعتراض

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، چونکہ یہ جنرل ایڈمنسٹریشن کا بڑا Important ڈیمانڈ ہے اور میں آپ کی خدمت میں جو پوائنٹ آف آرڈر پیش کرنا چاہتا ہوں وہ اس ہی کے سلسلے میں ہے، اس لئے بولنے سے پہلے میں وہ پوائنٹ آف آرڈر Raise کرنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر، اگر آپ آئین کے، جو 18th Amendment سے پہلے تھا اگر آپ اس کے آرٹیکل 129 کو دیکھیں تو اس میں "The executive authority of the Province shall vest in the Governor and shall be exercised by him, either directly…

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، ایک منٹ، ایک منٹ۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، 129، دا زوړ 129 جی،.Not new-----

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): مجھے کچھ بولنا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: بنه جی-----

(وزیر قانون): جناب سپیکر،-----

جناب عبدالاکبر خان: نہیں جی، جناب میں ذرا پوائنٹ آف آرڈر پیش کروں تو اس کے بعد۔
"The executive authority of the Province shall vest in the Governor and shall be exercised by him, either directly or through officers subordinate to him, in accordance with the Constitution". سر، اس نے یہ کہا کہ ایگزیکٹیو اتھارٹی گورنر کے ساتھ تھی لیکن وہ Subordinate officers کے Through exercise کرتا تھا جو سیکریٹری کہلاتے تھے یا کوئی اور افسر جو Competent تھا۔ اب جب ہم نئے آرٹیکل 129 کو دیکھتے ہیں جو 18th Amendment کے بعد آیا ہے تو اس میں ہے کہ "Subject to the Constitution, the executive authority of the Province shall be exercised in the name of the Governor by the Provincial Government, consisting of the Chief Minister and Provincial

